نسل پرستی کے خلاف پالیسی

عزیز والدین اور نگران خواتین و حضرات

ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ہر قسم کی نسل پرستی کو ردّ کرتا ہے اور NSW کے پبلک سکولوں میں ہر قسم کے نسلی امتیاز کے خاتمے کا عزم رکھتا ہے۔ ڈیپارٹمنٹ کی Anti-Racism Policy (نسل پرستی کے خلاف پالیسی) کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ کسی طالبعلم، ملازم، والد یا والدہ، نگران یا کمیونٹی کے رکن کو سکول کے ماحول میں نسل پرستانہ رویّے کا تجربہ نہ ہو۔

یہ پالیسی سکول کمیونٹی کے تمام ارکان سے اس طرح نسل پرستی کا سدّباب کرنے کے لیے مدد طلب کرتی ہے کہ وہ دوسروں کے تہذیبی، لسانی اور مذہبی پس منظروں کا احترام ظاہر کریں اور ایسے طرزعمل کا مظاہرہ کریں جس سے سکول کے ماحول میں دوسروں کو قبول کرنے اور ہم آہنگی کو فروغ ملے۔

ہر سکول میں نسل پرستی کے خلاف رابطہ افسر ((Anti-Racism Contact Officer (ARCO) موجود ہے جسے نسل پرستی کا سدّباب کرنے اور سکولوں میں نسل پرستی کے خلاف شکایات کرنے کے لیے سکول کمیونٹی کو سہارا دینے کی تربیت حاصل ہوتی ہے۔ پالیسی اور ARCO کے کردار کے متعلق مزید معلومات کے لیے Anti-Racism Policy - Information for parents and carers (نسل پرستی کے خلاف پالیسی – والدین اور نگرانوں کے لیے معلومات دیکھیں)۔

سکول میں ایسا مثبت ماحول برقرار رکھنے میں ہمیں مدد دینے کے لیے آپ کا شکریہ جس میں ہر قسم کی نسل پرستی کو ردّ کیا جاتا ہے۔ اگر آپ یا آپ کے بچے کو کسی قسم کی نسل پرستی کا تجربہ ہوا ہے، آپ نے ہمارے سکول میں کسی کے ساتھ نسل پرستانہ رویّہ دیکھا ہے یا اگر آپ مزید معلومات یا مدد لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی مجھ سے رابطہ کریں۔

خلوص کے ساتھ

پرنسپل

زبانی ترجمے کے لیے مدد

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہیں اور آپ کو سکول یا پرنسپل سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد درکار ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔

آپریٹر کو سکول کا فون نمبر بتائیں اور آپریٹر سکول کو فون کرے گا اور بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا۔

ترجمے کی خدمات کے لیے آپ سے معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔